نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا جلالپور پیروالہ میں قائم فلڈ ریلیف کیمپس کا خصوصی دورہ

جانوروں کی خوراک، ونڈا، سبز چارہ اور سائیلج کے انتظامات کا جائزہ لیا

وزیراعلیٰ پنجاب جلد فصلوں کے نقصان کے ازالے کے لیے خصوصی پیکج کا اعلان کریں گی۔افتخار علی سہو

لاہور:21 ستمبر 2025( )سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے جلالپور پیروالہ میں قائم فلڈ ریلیف کیمپس کا خصوصی دورہ کیا، جہاں انہوں نے جانوروں کی خوراک، ونڈا، سبز چارہ اور سائیلج کے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت نے سیلاب متاثرین سے ملاقات کی اور ان سے کھانے، رہائش اور صحت کی سہولتوں کے ساتھ ساتھ جانوروں کے چارے اور علاج معالجے کی فراہمی بارے دریافت کیا۔

افتخار علی سہو نے کہا کہ سیلاب متاثرین کے جانوروں کے لیے سبز چارہ، ونڈا، توڑی اور سائیلج کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے جبکہ جانوروں کے علاج اور ویکسینیشن کے بہترین انتظامات بھی کیے جارہے ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ سیلاب زدہ علاقوں میں کاشتہ فصلوں کے نقصان کے تخمینے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں جو گاؤں گاؤں جا کر سروے کریں گی۔ان کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ، محکمہ زراعت اور لائیو اسٹاک بہترین کوآرڈینیشن کے ساتھ سیلاب متاثرین کے لیے سہولیات فراہم کر رہے ہیں جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب جلد فصلوں کے نقصان کے ازالے کے لیے خصوصی پیکج کا اعلان کریں گی۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور ڈائریکٹر زراعت توسیع شہزاد صابر بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆